# اردو
## پرچہ—I
## (ادب)

کل مارکس : 250

مقررہ وقت : تین گھنٹے

### سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

(برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں)

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

امیدوار کو کُل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین (3) کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم از کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو، اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

# URDU
## (PAPER—I)
## ( LITERATURE )

Time Allowed : Three Hours

Maximum Marks : 250

### QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

( Please read each of the following instructions carefully before attempting questions )

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

## SECTION—A

**1.** حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (*150*) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے : 10×5=50

(*a*) اردو کس خاندانِ السنہ سے تعلق رکھتی ہے اور اس خاندان کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟

(*b*) قدیم ہند آریائی دور زبانوں کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

(*c*) مغربی ہند کی مختلف بولیوں کی وضاحت کیجئے۔

(*d*) اردو رسم الخط کی درجہ بندی اور اہم خصوصیات تحریر کیجئے۔

(*e*) جدید ہند آریائی زبانوں کی گروہ بندی پر روشنی ڈالئے۔

**2.** حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(*a*) جدید تحقیق کی روشنی میں بتائیے کہ اردو کے لشکری زبان ہونے کا نظریہ کس حد تک قابلِ قبول ہے؟ 20

(*b*) اردو زبان کے آغاز کے متعلق محمود خاں شیرانی کے پیش کردہ نظریے کی تائید یا تردید میں اپنے خیالات پیش کیجئے۔ 15

(*c*) اردو زبان کی اصلاح کے سلسلے میں ناسخ کی خدمات کا جائزہ لیجئے۔ 15

**3.** حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(*a*) ان اہم مراکز کا تعارف کرائیے جن میں دکنی زبان کو فروغ ہوا۔ 20

(*b*) ’’ نصرتی کی شاعری دکنی ادب کا نقطۂ عروج ہے‘‘۔ وضاحت کیجئے۔ 15

(*c*) بیجاپور اور گولکنڈہ میں فروغ پانے والی دکنی زبان کے افتراقات کی نشاندہی کیجئے۔ 15

4۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اعضائے تکلم کی تعریف کرتے ہوئے مخارج کے اعتبار سے اردو بندشی ، انفی اور صغیری مصمتوں کی وضاحت کیجئے۔ 20

(b) ''اردو ذخیرہ الفاظ میں مختلف زبانوں کے الفاظ کی شمولیت اس کی ترسیلی قوت کا باعث ہیں''۔ وضاحت کیجئے۔ 15

(c) '' زبان ایک عظیم تہذیبی مظہر ہے۔ اس کا سماجی ضرورتوں کے مطابق ارتقاء ہوتا ہے''۔ اس بیان کی روشنی میں اردو زبان کے آغاز و ارتقاء کا جائزہ لیجئے۔ 15

## SECTION—B

5۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے۔ 10×5=50

(a) نظم آزاد اور نظم معریٰ میں کیا فرق ہے؟

(b) مولانا شبلی کے تنقیدی موقف پر روشنی ڈالئے۔

(c) کیا آپ کو اس رائے سے اتفاق ہے کہ'' تنقید تخلیقی ادب ہی کی ایک شاخ ہے''۔

(d) فراق گورکھپوری کی شاعری مشرقی و مغربی ' تصورعشق ' کا امتزاج ہے۔ ان کی شاعری سے مثالیں دے کر گفتگو کیجئے۔

(e) آزادی کے بعد اردو ناول کے سمت و رفتار پر روشنی ڈالئے۔

6. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) علی گڑھ تحریک کی بدولت منفرد طور پر پروان چڑھنے والی کسی نثری صنف کا جائزہ لیجئے۔ 20

(b) اردو ادب میں رومانی تحریک کے ارتقائی عناصر اور نتائج پر روشنی ڈالئے۔ 15

(c) آزادی کے بعد ترقی پسند مصنفین کو ایک نئے منشور کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ تفصیل سے لکھئے۔ 15

7. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ''مولانا حالی کا مقصد صرف اردو شاعری کی ماہیت اور اصناف پر تنقید کرنا ہی نہیں تھا بلکہ اپنی شاعری کے لئے جواز بھی پیدا کرنا تھا''۔ مقدمۂ شعر و شاعری کے پیش نظر اس بیان پر اظہار رائے کیجئے۔ 20

(b) اردو تنقید کے مختلف مکاتبِ خیال کا اجمالی جائزہ لیجئے۔ 15

(c) داستانوں کی ادبی ، لسانی اور تہذیبی اہمیت کو بیان کیجئے۔ 15

8. درج ذیل عنوانات پر مضمون لکھئے :

(a) عہدِ حاضر میں اردو زبان و ادب کے در پیش مسائل 20

(b) اردو میں بچوں کا ادب : ایک تفصیلی جائزہ 15

(c) عالمی سطح پر ہندوستان کی بدلتی تصویر اور اہمیت کے وجوہات 15

★★★